قومی ٹرائنگولر ایک روزہ خواتین کرکٹ چیمپئن شپ کا آغاز منگل سے ہوگا

- ایونٹ میں 6 خواتین امپائرز میچز سپروائز کریں گی
- خواتین کرکٹرز کو 10ہزار روپے بطور میچ فیس اور فاتح ٹیم کو 5 لاکھ روپے انعام دیا جائے گا

لاہور،16ستمبر 2019ء:

6 خواتین امپائرز قومی ٹرائنگولر ایک روزہ خواتین کرکٹ چیمپئن شپ کے لیگ میچز میں امپائرنگ کے فرائض انجام دیں گی۔ ایونٹ 17 سے 26 ستمبر تک لاہور جمخانہ کلب گراؤنڈ میں جاری رہے گا۔ چیمپئن شپ میں شریک پی سی بی چیلنجرز کی قیادت بسمعہ معروف، پی سی بی بلاسٹرز کی قیادت رامین شمیم اور پی سی بی ڈائنامائٹس کی قیادت ندا ڈار کریں گی۔

ایونٹ کا پہلا میچ منگل کے روز پی سی بی چیلنجرز اور پی سی بی بلاسٹرز کی ٹیموں کے درمیان لاہور جمخانہ گراؤنڈ پر کھیلا جائے گا۔ میچ میں خاتون امپائر عافیہ امین ، راشد ریاض کے ہمراہ میچ سپروائز کریں گی جبکہ حمیرا فرح، شکیلہ رفیق، نازیہ نذیر، صباحت رشید اور رفعت مصطفیٰ بھی ٹورنامنٹ کے لیگ میچز سپروائز کریں گی۔

قومی ٹرائنگولر خواتین ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ میں 42 کرکٹرز شرکت کریں گی۔ ایونٹ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی کرکٹرز کوآئندہ ماہ بنگلہ دیش کے خلاف قومی خواتین کرکٹ ٹیم اور اے سی سی ایمرجنگ ٹیمز ایشیا کپ کے لیے قومی اے خواتین کرکٹ ٹیم میں جگہ دی جائےگی۔قومی خواتین کرکٹ ٹیم کو دسمبر میں انگلینڈاور آئندہ سال آئی سی سی ٹی ٹونٹی ورلڈکپ میں شرکت کرنی ہے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ ملک بھر میں خواتین کرکٹ کو فروغ دینے کی حکمت عملی پر عمل پیر اہے۔ ٹورنامنٹ میں ساڑھے 8 لاکھ روپے کی انعامی رقم تقسیم کی جائے گی۔ ایونٹ کی فاتح ٹیم کو 5 لاکھ جبکہ رنرز اپ کو ڈھائی لاکھ روپے کی انعامی رقم دی جائے گی۔

تاریخ میں پہلی بار ایونٹ میں شریک ہر کرکٹر کو میچ فیس دی جارہی ہے۔ پلیئنگ الیون میں شامل ویمن کرکٹر کو 10 ہزار روپے جبکہ نان پلیئنگ الیون میں شامل ویمن کرکٹر کو 5 ہزار روپے بطورمیچ فیس دئیے جائیں گے۔ ڈبل لیگ کی بنیاد پر کھیلے جانے والے ایونٹ میں کوکابورا کے گیند کا استعمال کیا جائے گا۔

اسکواڈز:

بلاسٹرز:
رامین شمیم (کپتان)، عالیہ ریاض، الماس اکرم، اریب شمیم، عائشہ ظفر، حفصہ خالد، کائنات حفیظ، نجیہ علوی، نشرہ سندھو، عمیمہ سہیل،نورین یعقوب، سدرہ امین، طوبیٰ حسن اور وحیدہ اختر

چیلنجرز:
بسمعہ معروف (کپتان)، عروب شاہ، ڈیانا بیگ، فاطمہ ثناء، حفصہ امجد، حرینہ سجاد، ارم جاوید، جویریہ رؤف، خدیجہ چشتی، ماہم منظور، نتالیہ پرویز، صبا ءنذیر، سعدیہ اقبال اور سدرہ نواز

ڈائناماِئٹس:

ندا ڈار(کپتان) ، انعم امین، عائشہ نسیم، عائشہ ناز، ناہیدہ خان، فریحہ محمود، غلام فاطمہ، جویریہ خان، کائنات امتیاز، ماہم طارق، منیبہ علی، ثناء میر، سوہا فاطمہ اور ثوبانہ طارق

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4